قدر و منزلت کی مستحق خدمات

ڈاکٹر خلیفہ عبدالحکیم صاحب فضل و کمال اور ایک ایسے فلسفی تھے جن کے اعلیٰ کارناموں کی میرے دل میں بڑی وقعت ہے۔ ان کی المناک اور ناگہانی رحلت نے قوم کو ایک ایسے ممتاز فاضل کی خدمات سے محروم کر دیا ہے جس نے اسلامی فکر اور ثقافت کی اساس پر عصر حاضر کے ادب اور فلسفہ میں گراں قدر اضافے کیے ہیں۔ قیام پاکستان کے بعد ایک قلیل مدت میں موصوف نے ادب و ثقافت کے میدان میں جو خدمات انجام دی ہیں وہ قدر و منزلت کی مستحق ہیں۔ ان کی رحلت کا احساس اور بھی زیادہ شدید ہو جاتا ہے جب ہم یہ سوچتے ہیں کہ جس کام کا انہوں نے آغاز کیا تھا اس کی تکمیل کے لیے مشکل ہی سے کوئی جانشین بروئے کار آئے گا۔ میں اس غم و اندوہ میں انتہائی ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں اور خدا سے میری دعا ہے کہ وہ مرحوم کی روح پر رحمت و برکت کا مینہ برسائے۔

اختر حسین